khabraindigital | Khabraindigital | khabraindigital | dailykhabrain@gmail.com | khabraindigital

ABC CERTIFIED

بانی وقائد: ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ خبریں

Daily KHABRAIN

اسلام آباد راولپنڈی

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 23 | بدھ 18 ذیقعد 1447ھ 6 مئی 2026ء 24 بیساکھ 183 | صفحات 8 قیمت 35 روپے | شمارہ 195

# پولی کلینک ہسپتال انتظامیہ سے ادویات کی خرید و تقسیم کی تفصیل طلب

## وفاقی محتسب کی ہسپتال میں مریضوں کی رہنمائی کیلئے مددگار ڈیسک بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (نامہ نگار خصوصی) وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے پولی کلینک ہسپتال سے ہر مریض کو ادویات کی فراہمی اور ڈاکٹروں کی حاضری یقینی بنانے کے لئے ادویات کی خرید اور تقسیم کی تفصیلات اور ڈاکٹروں کا ڈیوٹی روسٹر طلب کر لیا ہے۔ انہوں نے وفاقی دارالحکومت کے رہائشیوں کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے G-11 میں زیر تعمیر

باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37

کارروائی اس میں لائی جاتی ہے۔

**بقیہ نمبر 37 // نوید کامران بلوچ**

ہسپتال پولی کلینک-2 کو ٹائم فریم کے مطابق جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے پولی کلینک ہسپتال میں صفائی کے نظام کو بہتر بنانے، ڈاکٹروں، نرسوں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی خالی آسامیاں قانون کے مطابق جلد پر کرنے، پولی کلینک کے تحت ڈسپنسریوں کے معیار اور کارکردگی کو بہتر بنانے اور ادویات کی تقسیم کا پلان فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی مریض ہسپتال سے دوائی کے بغیر خالی ہاتھ نہ جائے۔ وفاقی محتسب نے مریضوں کو ڈاکٹر کے نسخے کے مطابق مکمل ادویات دینے اور الٹراساؤنڈ کے نظام کو بہتر کرنے کی بھی ہدایت کی۔

ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے القرآن
ABC CERTIFIED آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
★★★★★★★ اسلام آباد راولپنڈی ملتان مظفرآباد کراچی لاہور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا اردو کا سب سے زیادہ تیزی سے ترقی کرتا اخبار ☎ 2331689-90
چیف ایڈیٹر: سردار خان نیازی
روزنامہ پاکستان اسلام آباد
THE DAILY PAKISTAN ISLAMABAD
جلد: 32 | بدھ 6 مئی 2026ء، 18 ذیقعدہ 1447ھ، 24 بیساکھ 2083 ب، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ: 363



اسلام آباد، وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم فیڈرل گورنمنٹ پولی کلینک ہسپتال کا دورہ کر رہی ہے

## کوئی مریض دوائی کے بغیر ہسپتال سے واپس نہ جائے، نوید بلوچ

### وفاقی محتسب کی ہسپتال میں مریضوں کی راہنمائی کیلئے مددگار ڈیسک بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے پولی کلینک ہسپتال سے ہر مریض کو ادویات کی فراہمی اور ڈاکٹروں کی حاضری یقینی بنانے کے لئے ادویات کی خرید اور تقسیم کی تفصیلات اور ڈاکٹروں کا ڈیوٹی روسٹر طلب کر لیا ہے۔ انہوں نے وفاقی دارالحکومت کے رہائشیوں کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے G-11 میں زیر تعمیر ہسپتال پولی کلینک 2 - کو ٹائم فریم کے مطابق جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے پولی کلینک ہسپتال میں صفائی کے نظام کو بہتر بنانے، ڈاکٹروں، نرسوں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی خالی آسامیاں قانون کے مطابق جلد پر کرنے، پولی کلینک کے تحت ڈسپنسریوں کے معیار اور کارکردگی کو بہتر بنانے اور ادویات کی تقسیم کا پلان فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی مریض ہسپتال سے دوائی کے بغیر خالی ہاتھ نہ جائے۔ وفاقی محتسب نے مریضوں کو ڈاکٹر کے نسخے کے مطابق مکمل ادویات دینے اور الٹراساؤنڈ کے نظام کو بہتر کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وفاقی محتسب نے یہ ہدایات پولی کلینک ہسپتال کے لئے تشکیل دی گئی معائنہ ٹیم کی رپورٹ کے بعد دی ہیں۔ وفاقی محتسب نے پولی کلینک ہسپتال کے خلاف بے شمار شکایات کا جائزہ لینے کے لئے گزشتہ روز سینئر ایڈوائزر رعنا سیرت کی سربراہی میں ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا، کنسلٹنٹ پرویز حلیم اور کنسلٹنٹ خالد سیال پر مشتمل ایک معائنہ ٹیم ہسپتال بھیجی تھی۔ ٹیم نے دورہ کے دوران مریضوں اور ان کے لواحقین کی شکایات سنیں اور موقع پر ہی انتظامیہ کو ہدایات جاری کیں۔ ٹیم کو متعدد مریضوں نے ادویات نہ ملنے اور لیبارٹری ٹیسٹ اور آپریشن کے لئے سات آٹھ ماہ کی تاریخیں دینے کی شکایات کیں۔ ٹیم نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا اچانک دورہ کر کے مریضوں کی شکایات سنیں اور موقع پر ہی ہسپتال انتظامیہ کو ہدایات جاری کیں۔ ٹیم نے محسوس کیا کہ ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جن میں ہسپتال میں غیر معمولی رش، ڈاکٹروں کی تاخیر سے آمد، ادویات کا بروقت نہ ملنا، ڈاکٹروں کی تجویز کردہ نسخہ سے کم مقدار میں ادویات کی فراہمی، ہسپتال کے باہر سے لیبارٹری ٹیسٹ کروانے سمیت ہمہ نوع شکایات شامل تھیں۔ ہسپتال کی اکلوتی لفٹ بھی خراب پڑی ہے، ٹیم نے ایمرجنسی، او پی ڈی، لیبارٹری، اسٹور اور کچن سمیت ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کے دورہ کے دوران صفائی کی غیر تسلی بخش صورتحال پر انتظامیہ کو ہدایات دیں۔ معائنہ ٹیم کی سفارشات کی روشنی میں وفاقی محتسب نے پولی کلینک انتظامیہ کو ہدایات جاری کی ہیں کہ ہسپتال میں ڈاکٹروں سمیت تمام عملہ کی بروقت حاضری کے لئے بائیومیٹرک نظام کو فعال کیا جائے۔ ہسپتال بالخصوص کچن میں صفائی کو یقینی بنانے کے لئے ایس او پیز تیار کر کے ان پر عمل کیا جائے۔ ٹیم نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کی راہنمائی کے لئے مددگار ڈیسک بنایا جائے جہاں سے ہسپتال کا عملہ مریضوں کو متعلقہ شعبہ تک راہنمائی فراہم کرے۔

نوید بلوچ

روزنامہ
الشرق
انٹرنیشنل
لاہور
چیف ایگزیکٹو
ذوالنورین زنگی
چیئرمین
شاہین اقبال زنگی
ایڈیٹر
طاہر ندیم
فرمودہ اقبالؒ
ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں
فرمان قائدؒ
کام کام کام اور کام
ABC
APNS
CPNE
news000@gmail.com
www.theo2mediagroup.com
جلد نمبر 20 | بدھ 18 ذیقعد 1447، 06 مئی 2026، 23 بیساکھ 2081 ب م صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر 199

# وفاقی محتسب نے پولی کلینک ہسپتال انتظامیہ سے ادویات کی خرید و تقسیم کی

## ڈاکٹروں کا ڈیوٹی روسٹرم طلب کرلیا، کوئی مریض دوائی کے بغیر ہسپتال سے واپس نہ جائے۔ نوید کامران بلوچ

لاہور (میاں یاسر رفیق سے) وفاقی محتسب نے پولی کلینک ہسپتال انتظامیہ سے ادویات کی خرید و تقسیم کی، تفصیلات اور ڈاکٹروں کا ڈیوٹی روسٹرم طلب کرلیا کوئی مریض دوائی کے بغیر ہسپتال سے واپس نہ جائے۔ نوید کامران بلوچ ہسپتال میں مریضوں کی راہنمائی کے لئے مددگار ڈیسک بنانے کی ہدایت وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کے پولی کلینک ہسپتال کے دورہ کی رپورٹ کے بعد ہدایات وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے پولی کلینک ہسپتال سے ہر مریض کو ادویات کی فراہمی اور ڈاکٹروں کی حاضری یقینی بنانے کے لئے ادویات کی خرید اور تقسیم کی تفصیلات اور ڈاکٹروں کا ڈیوٹی روسٹرم طلب کرلیا ہے۔ انہوں نے وفاقی دارالحکومت کے رہائشیوں کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لئے G-11 میں زیر تعمیر ہسپتال پولی کلینک-2 کو ٹائم فریم کے مطابق جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے پولی کلینک ہسپتال میں صفائی کے نظام کو بہتر بنانے، ڈاکٹروں، نرسوں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی خالی آسامیاں قانون کے مطابق جلد پر کرنے، پولی کلینک کے تحت ڈسپنسریوں کے معیار اور کارکردگی کو بہتر بنانے اور ادویات کی تقسیم کا پلان فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی مریض ہسپتال سے دوائی کے بغیر خالی ہاتھ نہ جائے۔



وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کو ہسپتال انتظامیہ بریفنگ دے رہی ہے